U.G - E.T / November 2012

# اہلیتی امتحان

## برائے داخلہ بی۔اے، بی کام - نومبر 2012ء

# ELIGIBILITY TEST

## For Admission in B.A. / B.Com.

## November - 2012

**Duration : 2 Hours** **Maximum Marks : 100**

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1۔ امیدوار کو امتحان ہال میں کسی طرح کے کاغذات یا اشیاء لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

2۔ اس کتابچے پر امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر لکھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ سوائے ''رف ورک'' کے کاغذ پر کہیں بھی کچھ لکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

3۔ اس کتابچے میں جملہ ۱۰۰ سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ جس کو ABCD لیٹر دیئے گئے ہیں۔ آپ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرہ کو گہرا کیجیے۔

4۔ سیل فون اور پروگرامبل کیالکولیٹرز امتحان ہال میں لے جانا یا استعمال کرنا ممنوع ہے۔

5۔ امیدوار کو امتحان ہال میں کسی بھی شخص یا امیدوار سے کسی بھی طرح کی بات کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

6۔ اگر کوئی اُمیدوار کسی بھی طرح کی ڈسپلن شکنی کا مرتکب ہو۔ اسے امتحان ہال سے باہر کر دیا جائے گا۔

7۔ امتحان ہال سے امتحان کے ختم ہونے تک کسی بھی امیدوار کو باہر نکلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

8۔ امتحان ختم ہونے پر اُمیدوار OMR جوابی بیاض کے ساتھ اس کتابچے کو ممتحن کے حوالے کر دے۔

☆☆☆

U.G - E.T / November 2012

# اہلیتی امتحان

## برائے داخلہ بی۔اے؛ بی کام ۔ نومبر 2012ء

مجموعی نشانات ۔ 100 | وقت: 2 گھنٹے

1۔ ریاست آسام کا صدر مقام ہے
(A) پناجی (B) اٹانگر
(C) دسپور (D) گاندھی نگر

2۔ ہندوستان کے موجودہ صدر جمہوریہ ہیں
(A) پرتیبھا پاٹل (B) پرناب مکھرجی
(C) عبدالکلام (D) آنند مکھرجی

3۔ کرکٹ میں ایک سو سنچری بنانے والے کھلاڑی ہیں
(A) سعید انور (B) جیاسوریا
(C) سچن ٹنڈولکر (D) سوروگنگولی

4۔ مصر کے موجودہ صدر ہیں
(A) شاہ عبداللہ (B) انور سادات
(C) شاہ محمد (D) محمد مرسی

5۔ کامن ویلتھ گیمس میں باکسنگ کے میدان میں تمغہ حاصل کرنے والی ہندوستانی خاتون کھلاڑی کا نام ہے
(A) میری کوم (B) ثانیہ مرزا
(C) سائنا نہوال (D) جوالا گپتا

6۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو مندرجہ ذیل حیثیت حاصل ہے۔
(A) سنٹرل یونیورسٹی (B) ریاستی یونیورسٹی
(C) پرائیویٹ یونیورسٹی (D) ڈیمڈ یونیورسٹی

7۔ ہندوستانی سپریم کورٹ کے موجودہ چیف جسٹس ہیں:
(A) جسٹس ایچ ایس کپاڈیہ (B) جسٹس التمش کبیر
(C) جسٹس آفتاب عالم (D) جسٹس کٹجو

8۔ اقوام متحدہ کا مرکز ہے

(A) واشنگٹن (B) جینیوا

(C) نیویارک (D) ویانا

9۔ سب سے بڑا برّ اعظم ہے۔

(A) آسٹریلیا (B) ایشیا

(C) آفریقہ (D) یورپ

10۔ جموکشمیر کے موجودہ وزیر اعلیٰ کا نام ہے

(A) فاروق عبداللہ (B) غلام نبی آزاد

(C) عمر عبداللہ (D) عمر بھٹ

11۔ ہندوستان میں مسلمانوں کی تعلیمی ومعاشی حالات کا جائزہ لینے کے لیے تشکیل دی گئی کمیٹی کا نام کیا ہے؟

(A) راماداس کمیٹی (B) کوٹھاری کمیٹی

(C) سچر کمیٹی (D) چودھری کمیٹی

12۔ ارض طلوع آفتاب کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

(A) برطانیہ (B) چین

(C) ہندوستان (D) جاپان

13۔ دہلی کس دریا کے کنارے آباد ہے؟

(A) جمنا (B) جہلم

(C) موسی (D) ہبلی

14۔ ارتھ شاستر کا مصنف کون ہے؟

(A) کوٹلیا (B) والمیکی

(C) آریہ بھٹ (D) کالی داس

15۔ ہندوستان کا قومی کھیل کونسا ہے؟

(A) کرکٹ (B) ہاکی

(C) فٹبال (D) ٹینس

16۔ ہندوستان کے کس ریاست کی سرکاری زبان 'اردو' ہے؟

(A) بہار (B) اتر پردیش

(C) آندھراپردیش (D) کشمیر

17۔ زمین کے اطراف موجود ہوا کے غلاف کو کہتے ہیں

(A) خاکی کرّہ (B) آبی کرّہ

(C) فضائی کرّہ (D) حیاتی کرّہ

18۔ زمین کا تقریباً چوتھائی حصہ گھرا ہوا ہے

(A) چٹانوں سے (B) جنگلات سے

(C) ہوا سے (D) پانی سے

19۔ ہوا کا رُخ بتلانے والے آلہ کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) باد پیما (B) بادنما

(C) اینیمومیٹر (D) تپش پیما

20۔ خط استواء.................. کے شمالی حصہ سے گزرتا ہے

(A) آفریقہ (B) شمالی امریکہ

(C) جنوبی امریکہ (D) یورپ

21۔ نہر پناما ان کو ایک دوسرے سے ملاتی ہے۔

(A) بحر ہند اور بحر الکاہل (B) بحر اوقیانوس اور بحر الکاہل

(C) بحر عرب اور بحر الکاہل (D) بحر اوقیانوس اور بحر ہند

22۔ جس کے تین طرف پانی اور ایک طرف خشکی ہو کہلاتا ہے

(A) جزیرہ (B) دہانہ

(C) جزیرہ نما (D) راس

23۔ اس برّ اعظم کو پرندوں کا براعظم کہا جاتا ہے؟

(A) جنوبی امریکہ (B) انتارتیکا

(C) شمالی امریکہ (D) یورپ

24۔ ناگرجنا ساگر پراجکٹ اس دریا پر بنایا گیا۔

(A) کاویری (B) گوداوری

(C) پنّا (D) کرشنا

25۔ غریبی ہٹاؤ پروگرام اس پنچسالہ منصوبہ بندی کا اہم مقصد تھا

(A) پانچواں منصوبہ (B) تیسرا منصوبہ

(C) چوتھا منصوبہ (D) چھٹا منصوبہ

26۔ اس ریلوے زون کا ہیڈ کوارٹر کلکتہ میں واقع ہے

(A) جنوب وسطی ریلوے (B) جنوب مشرقی ریلوے

(C) مغربی ریلوے (D) جنوب مغربی ریلوے

27۔ بلند پہاڑ کونسے ہیں؟

(A) کوہ اراولی (B) کوہ ہمالیہ

(C) کوہ ہند (D) ان میں سے کوئی نہیں

28۔ سورج کے مرکزیت کا نظریہ پیش کرنے والا

(A) Ptolemy (B) گیلیلیو

(C) کوپرنکس (D) کیفلر

29۔ ہندوستان میں سبز انقلاب تجرباتی طور پر اس سے شروع ہوا

(A) جوار (B) دھان

(C) مکئی (D) گیہوں

30۔ چاند گہن واقع ہوتا ہے

(A) جب زمین سورج اور چاند کے درمیان آتی ہے

(B) جب چاند سورج اور زمین کے درمیان آتا ہے

(C) جب سورج، زمین اور چاند کے درمیان آتا ہے

(D) ان میں سے کوئی نہیں

31۔ ہیون سانگ کس کے دور حکومت میں ہندوستان آیا تھا؟

(A) ہرش وردھن (B) سمدرگپت

(C) چندرگپت (D) بکرماجیت

32۔ ہندوستان میں انتخابات کروانے کی ذمہ دار ہے

(A) مرکزی حکومت (B) ریاستی حکومت

(C) الیکشن کمیشن (D) پارلیمنٹ

33۔ گوتم بدھ کی پیدائش اس مقام پر ہوئی

(A) گیا (B) کپل وستو

(C) واراناسی (D) کشی ناگرا

34۔ ہندوستان کے قومی نشان کو اس سے لیا گیا۔

(A) سانچی اسٹوپ (B) امراوتی اسٹوپ

(C) سارناتھ اسٹوپ (D) برہوت اسٹوپ

35۔ کلنگ کی لڑائی اس مقام پر ہوئی

(A) پاٹلی پتر (B) رائے گڑھ

(C) ناگاولی (D) دھاولی

36۔ سندھ کے راجہ داہر پر حملہ کرنے والا

(A) محمود غزنوی (B) محمد بن قاسم

(C) اکبر (D) محمد غوری

37۔ مغل سلطنت کے وزیر دفاع کو کیا کہا جاتا تھا؟

(A) دیوان ارض (B) دیوان

(C) دیوان جی (D) دیوان قرینہ

38۔ بہمنی سلطنت کی بنیاد رکھنے والا

(A) حسن گنگو بہمنی (B) فیروز شاہ بہمنی

(C) علاءالدین حسن بہمنی (D) محمد شاہ بہمنی

39۔ ایران کا قدیم نام

(A) پرشیا (B) مقدونیہ

(C) میسوپوٹامیا (D) شام

40۔ ہندوستان چھوڑ دو تحریک اس سال شروع ہوئی

(A) 1935 (B) 1923

(C) 1930 (D) 1942

41۔ دیہاتی پنچایت کا صدر کون ہوتا ہے؟

(A) منڈل کا صدر (B) سرپنچ

(C) میئر (D) چیرمین

42۔ قانون حق معلومات اس تاریخ سے نافذ العمل ہے۔

(A) 2/اکتوبر2005 (B) 12/اکتوبر2005

(C) 15/اکتوبر2005 (D) 26/اکتوبر2005

43۔ وہ حق جو انسانی زندگی، مساوات اور خود مختاری سے متعلق ہے۔

(A) زندگی کا حق (B) تعلیم کا حق

(C) بنیادی حق (D) ملکیت کا حق

44۔ راجیہ سبھا کے اراکین کی تعداد ہوتی ہے۔

(A) 545 (B) 260

(C) 250 (D) 450

45۔ سپریم کورٹ کے ججس کا تقرر کرتے ہیں۔

(A) صدر جمہوریہ (B) وزیراعظم

(C) اسپیکر (D) وزیرقانون

46۔ دستورِ ہند کے دیباچہ میں 42ویں ترمیم کے ذریعہ اس لفظ کو شامل کیا گیا ہے

(A) ڈیموکریٹک (B) سوشلسٹ

(C) آزاد (D) جمہوریہ

47۔ ہندوستان میں اس قسم کی حکومت ہے۔

(A) صدارتی (B) فوجی

(C) طبقہ امراء کی (D) پارلیمانی

48- لفظ Democracy (جمہوریت) اس زبان سے اخذ کیا گیا ہے۔

(A) رومی (B) عربی

(C) یونانی (D) لاطینی

49- ''سوراج میرا پیدائشی حق ہے'' کا نعرہ لگانے والے ہیں

(A) گاندھی (B) جواہرلال نہرو

(C) مولانا آزاد (D) بال گنگا دھر تلک

50- فاشزم کا بانی کون تھا؟

(A) ہٹلر (B) کارل مارکس

(C) برنارڈ شاہ (D) مسولینی

51- بابائے معاشیات کسے کہا جاتا ہے؟

(A) آدم اسمتھ (B) مارشل

(C) امرتیہ سین (D) تھامس

52- قومی آمدنی کو آبادی سے تقسیم کرنے پر حاصل ہوتی ہے۔

(A) معیارِ زندگی (B) فی کس آمدنی

(C) خطِ غربت (D) حکومت کی آمدنی

53- سرمایہ کا مطلب ہے۔

(A) اشیاء و خدمات (B) دولت یا روپیہ

(C) تنظیم (D) یہ سب

54- معاشی عدم مساوات کو دور کرنا کہلاتا ہے۔

(A) جرنلزم (B) سیکولرزم

(C) سوشلزم (D) فاشزم

55- معاشی پالیسیوں کو 1991 کے بعد روبہ عمل لانے کے لیے کس کمیشن نے سفارش کی۔

(A) راجہ چیلیا (B) نرسمہم

(C) مہتا (D) اے۔ ایم۔ خسرو

56۔ ہندوستان میں سب سے زیادہ چاول کی کاشت اس ریاست میں ہوتی ہے۔

(A) اترپردیش (B) بہار

(C) آندھراپردیش (D) کرناٹک

57۔ صنعتی انقلاب سب سے پہلے اس ملک میں رونما ہوا۔

(A) جاپان (B) برطانیہ

(C) ہندوستان (D) آسٹریلیا

58۔ ترقی پذیر ممالک کی ایک بہترین مثال

(A) ہندوستان (B) امریکہ

(C) برطانیہ (D) بنگلہ دیش

59۔ اشیاء پر عائدکردہ ٹیکس ہے۔

(A) ترقی پذیر ٹیکس (B) بالواسطہ ٹیکس

(C) بالراست ٹیکس (D) ترقی یافتہ ٹیکس

60۔ درجہ فہرست معاشی بنک اس بنک کی تعمیل کرتے ہیں

(A) اسٹیٹ بنک آف انڈیا (B) رزروبنک آف انڈیا

(C) آندھرابنک (D) انڈیا بنک

61۔ وہ مختصر سا قلمی نام جو شاعر اپنی شاعری کے لیے اختیار کرتا ہے کہلاتا ہے۔

(A) خطاب (B) لقب

(C) عرف (D) تخلص

62۔ ''حامد پڑھ رہا ہے'' یہ مثال ہے.................کی

(A) فعل ماضی (B) فعل مستقبل

(C) فعل حال (D) فعل نہی

63۔ اردو کے پہلے ناول نگار ہیں

(A) پریم چند (B) نذیر احمد

(C) کرشن چندر (D) رسوا

64۔ اسداللہ خاں کس شاعر کا نام ہے؟

(A) غالب (B) اقبال

(C) میر (D) سودا

65۔ فلسفۂ خودی کو شاعری کے ذریعہ پیش کرنے والا شاعر ہے۔

(A) غالب (B) میر

(C) حالی (D) اقبال

66۔ وہ نظم جس میں کسی کی تعریف یا مذمت کی جاتی ہے کہی جاتی ہے۔

(A) مثنوی (B) غزل

(C) قصیدہ (D) مرثیہ

67۔ فورٹ ولیم کالج کہاں قائم تھا۔

(A) دہلی (B) حیدرآباد

(C) کلکتہ (D) لکھنؤ

68۔ رباعی کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے۔

(A) تین (B) چار

(C) دو (D) پانچ

69۔ افسانہ ''کالو بھنگی'' کے مصنف ہیں؟

(A) پریم چند (B) کرشن چندر

(C) منٹو (D) قرۃالعین حیدر

70۔ ''انارکلی'' کے ڈراما نگار ہیں

(A) آغا حشر کاشمیری (B) نظیر بیگ

(C) احسن لکھنوی (D) امتیاز علی تاج

71۔ Light Year کونسی طبعی مقدار کی اکائی ہے؟

(A) فاصلہ (B) قوت

(C) اسراع (D) رفتار

72۔ ایک مینار کی بلندی 0.52 km ہے۔اسکوئنٹی میٹر میں لکھو۔

(A) $52x10^3 cm$ (B) $52x10^2 cm$

(C) $52x10^4 cm$ (D) $52x10cm$

73۔ پروٹون کی کمیت یہ ہے؟

(A) $1.6726 x 10^{-27} kg$ (B) $9.1095 x 10^{-31} kg$

(C) $1.6750 x 10^{-27} kg$ (D) ان میں سے کوئی نہیں

74۔ حیدرآباد اور سکندرآباد کا فاصلہ 8000 میٹر ہے۔اگر ایک سلاخ ایک کلومیٹر کی لی جائے تو کتنی سلاخیں درکار ہونگی۔

(A) 6 (B) 7

(C) 5 (D) 8

75۔ نیچے دی گئے مقداروں میں کونسی مقدار مسمتی ہے۔

(A) a.b (B) axb

(C) 4a (D) -4a

76۔ ایک پتھر کو چلتی ہوئی ریل گاڑی سے پھینکا جاتا ہے تو اس کا راستہ کیا ہوتا ہے۔

(A) گول (Circular) (B) مثلثی (Triangular)

(C) Parabola (D) (سیدھا)Straight

77۔ اسراع کی اکائی کیا ہے؟

(A) $m/sec^2$ (B) kg/sec

(C) kg/m (D) cm/sec

78۔ الکٹرک باب میں جلنے والا تار کس دھات کا بنا ہوتا ہے؟

(A) ٹنگسٹن (B) تانبہ

(C) سیسہ (D) اسٹیل

79۔ ایک نیوٹن۔میٹر میں کتنے ergs ہوتے ہیں؟

(A) $10^5 ergs$ (B) $10^6 ergs$

(C) $10^7 ergs$ (D) $10^8 ergs$

80۔ ہوائی جہازوں اور موٹر گاڑیوں کو سامنے کی طرف اس لیے نوکیلا بنایا جاتا ہے۔
(A) رگڑ کو کم کرنے کے لیے (B) رگڑ کو زیادہ کرنے کے لیے
(C) رگڑ کو برابر کرنے کے لیے (D) ان میں سے کوئی نہیں

81۔ خون کے کونسے گروپ کا انسان خون کا عطیہ دینے کے لیے آفاقی دہندہ (Universal Donor) کہلاتا ہے؟
(A) O (B) A
(C) B (D) AB

82۔ سیونگ مشین کی سوئی کی حرکت کیا ہوتی ہے؟
(A) سادہ موسیقی حرکت (B) سادہ حرکت
(C) مرکبی حرکت (D) ان میں سے کوئی نہیں

83۔ شکر کی بیماری کو کیا کہتے ہیں؟
(A) سرطان (B) طاعون
(C) ذیابطیس (D) یرقان

84۔ جب ایک استوانہ کو لامبا کیا جاتا ہے تو اس کے قطر پر کیا اثر پڑتا ہے۔
(A) کم ہو جاتا ہے (B) زیادہ ہو جاتا ہے
(C) کوئی تبدیلی نہیں ہوتی (D) ان میں سے کوئی نہیں

85۔ جلد کی حفاظت کے لیے استعمال کیا جانے والا ''ویسلین'' کس سے حاصل کیا جاتا ہے؟
(A) نباتی گوند (B) موم
(C) کولتار (D) پٹرولیم

86۔ ایک موٹی لوہے کی سلاخ کو دو ٹھوس سہاروں سے جکڑ دیا گیا ہے۔ گرم کرنے پر کیا اثر ہوتا ہے۔
(A) وہ گرم ہو جاتا ہے (B) وہ مڑ جاتا ہے
(C) وہ ٹوٹ جاتی ہے (D) ان میں سے کوئی نہیں

87۔ تھرمامیٹر میں پارہ کیوں استعمال ہوتا ہے؟
(A) اس کا پھیلاؤ ہموار ہوتا ہے (B) اسکی کثافت زیادہ ہوتی ہے
(C) اسکا پھیلاؤ نہیں ہوتا (D) ان میں سے کوئی نہیں

88۔ S.I نظام میں پانی کی اعظم ترین کثافت کیا ہے؟

(A) 100 کلوگرام فی مکعب میٹر (B) 1000 کلوگرام فی مکعب میٹر

(C) 10 کلوگرام فی مکعب میٹر (D) ان میں سے کوئی نہیں

89۔ جب دو برف کے ٹکڑوں کو ملا کر دبایا جاتا ہے تو ایک ٹکڑا بن جاتا ہے۔اس عمل کو کہتے ہیں؟

(A) ایصال (Conduction) (B) حمل (Convection)

(C) Regelation (D) ان میں سے کوئی نہیں

90۔ اون کے کپڑے جسم کو گرم کیوں رکھتے ہیں؟

(A) غیر موصل (B) موصل

(C) نیم موصل (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

91۔ لاشعاعیں (X-Rays) کی دریافت کس نے کی؟

(A) Roentgen (B) Newton

(C) C.V.Raman (D) Crompton

92۔ الکٹران کی کمیت یہ ہے؟

(A) $1.6726 \times 10^{-27}$ kg (B) $9.1095 \times 10^{-31}$ kg

(C) $1.6750 \times 10^{-27}$ kg (D) ان میں سے کوئی نہیں

93۔ حسب ذیل میں آمیزہ کونسا ہے؟

(A) ہوا (B) آکسیجن

(C) پانی (D) نائٹروجن

94۔ BCG کا ٹیکہ کس مرض کی مدافعت کے لیے لگایا جاتا ہے؟

(A) ڈفتھیریا (B) کنکر پتھر

(C) جذام (D) تپ دق

95۔ آفاقی گیس مستقل Universal Gas Constant کی قیمت یہ ہے؟

(A) 8.3144x.J/molK (B) $8.3 \times 10^{3}$ J/molK

(C) 8.3J/molK (D) ان میں سے کوئی نہیں

96۔ نور کی رفتار (خلاء میں) (Velocity of Light (Vacum یہ ہے؟
(A) $3 \times 10^8\ m/sec$ (B) $3 \times 10^{10}\ m/sec$
(C) $3 \times 10^8\ cm/sec$ (D) $3 \times 10^{12}\ m/sec$

97۔ غبارہ کی اڑان کے لیے کونسی گیس استعمال کی جاتی ہے؟
(A) ہائیڈروجن (B) آکسیجن
(C) کاربن ڈائی آکسائیڈ (D) نائٹروجین

98۔ کس عضو کے ناکارہ ہونے پر خون کے لیے ڈیالائی سس (Dialysis) کا عمل اختیار کیا جاتا ہے؟
(A) دل (B) جگر
(C) گردے (D) لبلبہ

99۔ طبعی مقدار قوت کا ضابطہ کیا ہے؟
(A) کمیت x اسراع (B) کمیت x نصف قطر
(C) کمیت x نصف قطر (D) کمیت x حجم

100۔ کھانے کے نمک میں کونسی دھات پائی جاتی ہے؟
(A) گندھک (B) کاربن
(C) سوڈیم (D) فاسفورس

☆☆☆